22629 ـ دورنبوی صلی الله علیہ وسلم میں مدینہ میں یهودی کیوں موجود تھے

سوال

حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت ان کی درع ایک یہودی کے پاس رہن رکھی ہوئ تھی

توسوال یہ ہے کہ کیا یہ یہودی مدینہ میں تھا ؟

اوراگر جواب اثبات میں ہو تویہ کس طرح ہوسکتا ہے حالانکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نےانہیں جلاوطن کیا تھا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

الحمدللہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب فوت ہوئے توان کی درع ایک یہودی کے پاس رہن رکھی ہوئ تھی ، اورنبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ یہودیوں کوجلا وطن کیا اور حکم بلکہ مرض الموت میں یہ وصیت فرمائ تھی کہ جزیرہ عرب سے یہودیوں کونکال دیا جائے

اس لیے جزیرہ عرب میں دو دین جمع نہیں ہوسکتے ، پھر اس وصیت کوعمربن خطاب رضي اللہ تعالی عنہ نے نافذ کرتے ہوئے یہودیوں کو جزیرہ عرب سے جلاوطن کردیا ۔ .